## 28ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام اتوار کی شب انو بھائی پارک ناظم آباد میں عالمی مشاعرے کا انعقاد

## عالمی مشاعرے میں بین الاقوامی شعراء کرام کی شرکت

کراچی:۔۔۔2/اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے 28ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں ایم کیوایم کے زیراہتمام اتوار کی شب انو بھائی پارک ناظم آباد نمبر 4 میں عالمی مشاعرے کا انعقا ہوا جس میں پاکستان، بھارت، کینیڈا، امریکہ، بنگلہ دیش کے شعرا کرام نے شرکت اور اپنے تازہ اور منفرد کلام پیش کئے۔مشاعرے کی صدارت پروفیسر منظر ایوبی نے کی جبکہ نظامت کے فرائض رضوان صدیقی نے انجام دیئے۔مشاعرہ کا آغاز تلاوت کلام سے کیا گیا۔بعدازاں ملک کے مشہور و معروف نعت خواں قمر وارثی اور ماجد خلیل نے بارگاہ رسالت ﷺ میں ہدیہ نعت پیش کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی ڈاکٹر کنونیرز فاروق ستار اور انیس احمد قائم خانی اراکین رابطہ کمیٹی وسیم آفتاب، واسع جلیل، مصطفیٰ کمال، رضا ہارون، نیک محمد، ایم کیوایم کے رہنماء عامر خان، حق پرست سینٹرز، وزراء ارکان قومی، صوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج و اراکین کمیٹی، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان کے علاوہ ایم کیوایم کے علاقائی سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان سمیت خواتین، ماؤں، بہنوں، بزرگوں کی بڑی تعداد مہمان شعراء کرام کا کلام سماعت کرنے کیلئے موجود تھی۔مشاعرے کے سلسلے میں انو بھائی پارک میں غیر معمولی انتظامات کئے گئے جبکہ شرکاء کیلئے فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا جبکہ پرنٹ و الیکٹرونک میڈیا سے تعلق رکھنے والے رپورٹرز، فوٹو گرافرز، کیمرہ مین حضرات کیلئے خصوصی طور پر انگلوژر بنا گیا تھا جہاں پر صحافیوں نے مشاعرے کی کوریج کو لمحہ بہ لمحہ یقینی بنایا۔عالمی مشاعرہ میں بھارت سے تشریف لانے والے شعرا کرام میں جناب منظر بھوپالی، جناب اقبال اشعر، جبکہ کینیڈا سے آنیوالے مہمان شاعر جناب حمایت علی شاہ، بنگلہ دیش سے جلال عظیم آبادی، پاکستان سے تعلق رکھنے والے شعراء کرام میں محترمہ گلنار آفرین، جناب حسن اکبر کمال، جناب عارف شفیق، جناب سعید اظفر صدیقی، جناب طارق سبزواری، جناب اختر سعیدی، جناب راشد نور، جناب ڈاکٹر سکندر، خواجہ رفیق انجم، شیخ مطعرب، انور شعور، احمد نوید، قیصر وجدی محترمہ حجاب منظر عباسی محترمہ پروین نذیر سومرو، ڈاکٹر حمزہ عزل، پروفیسر ضیاء شاہد، جناب حیدر حسنین جلیسی، جناب حکیم ناصف، محترمہ ریحانہ روحی، جناب خورشید عالم، جاوید ضیاء، جناب تابش علوی، جناب خلش مظفر، جناب ساجد رضوی، اجمل سراج، سحر انصاری، عبد الرحمان عابد اور سحر علی نے اپنا کلام پڑھ کر شرکاء سے داد حاصل کی۔مشاعرے میں شعراء کرام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد، ملک کی موجودہ صورتحال کے علاوہ اُردو ادب، طنزاح و مزاح کے حوالے سے پراپنے خصوصی کلام بھی پیش کئے اور شرکاء کو محظوظ کیا جس پر شرکاء انتہائی پرجوش انداز میں واہ..................واہ...........کیا کہنے کہتے رہے۔مشاعرے سے صدر مشاعرہ منظر ایوبی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے عالمی مشاعرے کا انعقاد قابل تعریف ہے جس پر میں مشاعرے کے تمام منتظمین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جنھوں نے اتنے منظّم انداز میں مشاعرے کا انعقاد کیا۔عالمی مشاعرے میں ایم کیوایم لٹریچر کمیٹی کی جانب سے اسٹال بھی لگایا گیا تھا۔جن پر ایم کیوایم کے تنظیمی لٹریچر اور ادبی کتابیں بھی رکھی گئیں تھیں۔

## مسلم لیگ ق ڈسٹرکٹ ایسٹ کے نائب صدر ضمیر علی جاکھرانی کی اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی سے ملاقات

کراچی۔۔۔2،اپریل 2012ء

مسلم لیگ ق ڈسٹرکٹ ایسٹ کے نائب صدر ضمیر علی جاکھرانی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر اعتماد اور مظلوم قومیتوں کے حقوق کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم سیکریٹری عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم، جوائنٹ انچارج عارف حیدر، اراکین ندیم سومرو، گل محمد مینگل، الطاف حسین مینگل، احمد رضا اور محمد علی کلمتی بھی موجود تھے۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والوں میں محمد سلیم سومرو، حبیب اللہ بگٹی اور دیگر سینکڑوں نوجوان اور بزرگ شامل ہیں۔ملاقات میں وفد نے رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ حقیقت ملک بھر کی مظلوم قومیتوں کے سامنے آچکی ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد رہبر و رہنما ہیں جو ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور موروثی سیاسی نظام کے خاتمے کی عملی جدوجہد کررہے ہیں یہی وجہ ہے کہ حق پرستی کی اس جدوجہد میں ہر ایک مظلوم شامل ہونا چاہتا ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام حق پرستی کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے اور ایم کیوایم کے حوالے سے منفی پروپیگنڈوں کے اصل حقائق سے عوام کو آگاہ کریں گے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے مسلم لیگ ق ڈسٹرکٹ ایسٹ کے نائب صدر ضمیر علی جاکھرانی کی اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت کا خیر مقدم کیا اور انہیں دلی مبارکباد پیش کی۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنانِ سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔2اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن مظاہر حسین کی والدہ محترمہ عابدہ بیگم، نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ A-134 کے کارکن سید شفقت علی زیدی کے والد سید شعبان علی زیدی اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن نذر محمد مرحوم کے والد عبدالسلام کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆